Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

3.
99

RAHNAMA-i-LOHARAN

رہنمائے لوہاران

راہنمائے لوہاراں

یعنی

دستکاری کے ایک اہم مضمون پر مفید روشنی

از

ایم تاج الدین مجیٹھیہ جے ہی ایم

باغبانپورہ لاہور سنہ ۱۹۴۰ء

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

3.
99

RAHNAMA-i-LOHARAN

رہنمائے لوہاراں

راہنمائے لوہاراں

یعنی

دستکاری کے ایک اہم مضمون پر مفید روشنی

از

ایم تاج الدین مجلیھیہ جے ہی ایم

باغبانپورہ لاہور سنہ ۱۹۴۰ء

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

باہتمام ملک محمد عارف پرنٹر دین محمدی پریس لاہور سے طبع کرا کر ایم تاج الدین مجیٹھہ
جے۔سی۔ایم باغبانپورہ لاہور نے شائع کیا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

تمہید

فن آہنگری پر بعض یورپین احباب نے خامہ فرسائی کی ہے۔ لیکن سوائے خاص خاص آدمیوں کے دیگر شائقین ہنر اُن ماہرین کی تصنیفات سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے کیونکہ ایک تو وہ کتابیں اور مضامین طویل ہیں، دوسرے عام فہم نہیں۔ پس اس ضرورت کو مدنظر رکھ کر کہ میرے ہم پیشہ برادران بہرہ ور ہو سکیں، یہ مختصر نوٹ بالکل سادگی اور حسابی قاعدوں کی مثالیں دے کر ایسے آسان طریقوں سے پیش کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ تھوڑا سا اُردو لکھے پڑھے ضرورت مند احباب ٹیکنیکل سکولوں اور کالجوں کے طلباء اور کارخانہ جات میں اپرنٹسز بھی مستفید ہو سکیں۔

تصنیف ہذا سے مالی فائدہ یا تجارت مقصود نہیں۔ اس لئے اُمید ہے کہ ناظرین میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے، تاکہ آئندہ ایڈیشن اضافہ اور بہتر صورت سے پیش کر سکوں +

ایم۔ تاج الدین مصنف

یکم جنوری ۱۹۴۰ء

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

لوہار BLACK SMITH، اس کتاب سے ہر وہ شخص جس کو فن آہنگری سے تعلق ہے، بغیر مذہبی تفریق کے یکساں فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ کیونکہ جو شخص گرم لوہے کو کوٹ کر کسی پرزہ یا اوزار کی شکل میں تبدیل کر سکے، اس کو لوہار کہتے ہیں۔

کاریگر کے لئے ضروری ہے۔ کہ کام شروع کرتے وقت ہر حفاظتی تدابیر اختیار کرے، اور اسی طرح اپنے مددگار یعنی ودانی کا ہر وقت خیال رکھے۔

ودانی

جو شخص لوہار کو اس کے کام یعنی لوہا پر چوٹ لگانے یا لوہا گرم کرنے میں مدد دے اس کو ودانی یا سٹرائیکر کہا جاتا ہے۔

سٹرائیکر جب ودان سے چوٹ لگانے کا کام شروع کرے تو اس پاس ضرور احتیاطاً دیکھ لے کہ کوئی شخص اتنا نزدیک نہ ہو کہ حادثہ کا موجب بن سکے۔

نیز اپنے ساتھی یعنی لوہار کے اشاروں کو سمجھے۔ کیونکہ بعض دوست مصروفیت میں بجائے آواز دینے کے اشارہ ہی سے اپنا مقصد ودانی تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

لوہا اور اُس کی قسمیں

لوہا تقریباً ہر ایک مٹی میں پانچ فیصدی اور ایک قسم کے پتھر میں ستر فیصدی لوہا کے اجزاء موجود ہوتے ہیں۔ جن کو بڑی مشکل سے جدا کیا جا سکتا ہے۔ بعض کانوں میں لوہا ہی پتھر کی صورت میں نکل آتا ہے۔ اس حالت میں اُسے صرف ایسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے۔ کہ جس سے اس کو بھٹی میں پگھلایا جاوے، جو لوہا ڈھلائی کے کام آتا ہے۔ اس کو گرے کاسٹ آئرن نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴ کہتے ہیں۔ یہ لوہا چونکہ لوہار کی ٹریڈ میں شامل نہیں اس لئے اس کے علاوہ دوسری قسموں کا مناسب حد تک ذکر کیا جاتا ہے۔ کاسٹ آئرن یعنی دیگی لوہا کے علاوہ اس لوہا کی دو ذاتیں ہیں **لوہا** اور **اسپات** ان میں ہتھوڑے سے کوٹ کر بڑھنے کی صلاحیت موجود ہے۔

لوہے کی دو قسمیں ہیں۔ جھوٹا لوہا اور سچا لوہا۔

جھوٹا لوہا بھی دو قسم میں منقسم ہے، پہلی قسم کا جھوٹا لوہا توڑنے سے یک لخت ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کا کن بہت ہی موٹا اور چمکدار ہوتا ہے۔ دوسری قسم کا جھوٹا لوہا توڑتے وقت ٹیڑھا ہو کر ٹوٹتا ہے۔ کن بہت ہی موٹا مگر ریشہ دار اور رگیں سفید اور سیاہ ہوتی ہیں۔ یہ دونو قسمیں دباؤ اور گھساؤ کی طاقت میں کمزور

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

تابدار ہوتی ہیں۔ اس لئے ان کا استعمال دن بدن محدود ہوتا جاتا ہے۔

سچا لوہا۔ اس کی چار کلاسیں ہیں۔ کلاس نمبر ۱ و نمبر ۲ باقی دو کلاسوں سے نرم اور ملایم ہوتی ہیں، ان کا کن جھوٹے لوہے سے قدرے باریک اور رنگت میں سفید ہوتا ہے، تاؤ لگانے میں بہت اچھا ہے اور ایسے کام کے لئے جہاں کھچاؤ اور دباؤ کی ضرورت ہو کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ کلاس نمبر ۳ سابقہ دو کلاسوں سے ذرا سخت ہے، اور اس کی دباؤ کی طاقت بھی ذکر شدہ لوہوں سے زیادہ ہے، کلاس نمبر ۴ کا لوہا مذکورہ بالا کلاسوں سے سخت ہوتا ہے اور اس میں گھساؤ کی طاقت اور دباؤ کی طاقت زیادہ موجود ہوتی ہے، لیکن تاؤ لگاتے وقت ذرا احتیاط درکار ہے، کیونکہ مذکورہ بالا لوہوں کو چندھائی ہوئی سفیدی رنگت پتا ؤ اچھا لگ جاتا ہے۔ مگر یہ کلاس سفید رنگت پر ہی جُڑ جانے کے قابل ہو جاتی ہے۔

اسپات۔ جب سچے لوہے کو کوٹھائی میں پگلایا جاتا ہے تو یہ کاربن کے اجزاء کو جذب کر لیتا ہے۔ جس سے اس میں سختی پیدا ہو جاتی ہے، یعنی سٹیل لوہے اور کاربن کا مرکب ہے، جو ٹھنڈا ہو کر سخت ہو جانے کی قابلیت رکھتا ہے لوہار کی ٹریڈ کیلئے اسپات کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے **آبدار اسپات اور بے آب اسپات**۔

آبدار اسپات۔ میں لوہے کی نسبت کاربن زیادہ جذب ہے، اس لئے سب لوہوں سے سخت ہوتا ہے، توڑنے سے جلدی ٹوٹتا ہے۔ کن اس کا سخت سے سخت لوہے یعنی کلاس نمبر ۴ سے بھی باریک ہوتا ہے اور رنگت بھی سفید ہوتی ہے، یہ

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

یہ اسپات گرم کر کے بڑھانے کیلئے بے آب اسپاتوں کی نسبت ملایم ہے اور گرم کر کے پانی میں ڈبونے سے زیادہ سخت ہو جاتا ہے اس لئے اسے چاقو، اُسترے، قینچیاں، ہتھوڑے۔ چھینے، چھریاں اور دیگر اوزار بنانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اسکو فورجنگ کے وقت تیز گرم نہیں کرنا چاہیئے، ایسا کرنے سے کمزور ہو جاتا ہے۔

بے آب اسپات، اس قسم کے اسپات بہت ہی سخت ہوتے ہیں۔ ان کا کن بہت ہی باریک اور رنگت قدرے سیاہی مایل ہوتی ہے، یہ عموماً خراد یوں کے ٹول وغیرہ بنانے میں کام آتے ہیں۔ ان کو فورجنگ کے وقت سرخ رنگت سے زیادہ سرخ گرم نہیں کرنا چاہیئے اور گندم رنگت پر دوبارہ سرخ گرم کر کے کام شروع کرنا مناسب ہے، اسپات کو بجائے ٹھنڈا توڑنے کے گرم کر کے کاٹنا بہتر ہے۔

لوہے کا گرمی سے بڑھنا اور سکڑنا

عام طور پر سب دھاتیں گرم ہو کر اپنے اصلی حجم سے زیادہ حجم اختیار کر لیتی ہیں اور جوں جوں ٹھنڈی ہوتی ہیں اپنے اصلی سائز پر آ جاتی ہیں یعنی سکڑ جاتی ہیں۔ یہی خاصیت لوہے میں بھی موجود ہے اسی لئے ریل کی لائن میں دو ریلوں کے درمیان جگہ چھوڑی جاتی ہے۔ تاکہ گرمی کے موسم میں پھیل کر برابر ہو جاویں

لوہار کو یاد رکھنا چاہیئے، کہ لوہا گرم ہونے پر ۱/۴ فی انچ کے حساب سے بڑھتا ہے۔ اور سرد ہونے پر اسی نسبت سے سکڑتا ہے۔ پس مطلوبہ پرزہ بنانے کے لئے اس کی

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

گیج یا کینڈا بناتے وقت اسی حساب سے چوڑائی، موٹائی اور لمبائی وغیرہ زیادہ رکھیں۔ تاکہ گرم لوہا جب اس گیج میں پورا ہو تو ٹھنڈا ہو کر اصلی سائز ہو سکے۔

ضروری تنبیہ

گرم کام کرتے وقت کاریگر کو جہاں تک ہو سکے ڈھیلا کپڑا نہیں پہننا چاہیئے، پاؤں کو پورے بوٹ یا کسی کینوس وغیرہ کے ٹکڑے سے ڈھانپنا ضروری ہے۔ کیونکہ کام کرتے وقت گرم لوہے سے جو کرا گرتا ہے بعض اوقات پاؤں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے پاؤں کی حفاظت ہر وقت لازمی ہے۔ اس کے علاوہ اگر ایک ٹکڑا کینوس یا باریک چمڑے وغیرہ کا چھاتی اور ٹانگوں کے سامنے باندھا جائے تو لوہار کے لئے بہت مفید ہے۔ بغیر ضرورت کے آگ کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھتے رہنا بھی مضر ہے، لوہار کو چاہیئے۔ کہ کام شروع کرنے سے پیشتر اپنے اوزاروں یعنی چھینی ہتھوڑا وغیرہ کو ٹھیک کرے اور وہ اوزار جن میں لکڑی کا دستہ لگا ہو۔ مثلاً دوان، ہتھوڑا، چھینی اور پھٹے وغیرہ کے دستوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کرے۔ کہ کوئی دستہ ڈھیلا یا فوری نکلنے والا نہ ہو۔ دوان اور ہتھوڑے کے دستہ میں پچر ہرگز نہ لگانا چاہیئے۔ کیونکہ تجربہ نے ان پچروں کو نقصان دہ ثابت کیا ہے۔ کام کرتے وقت تہائی پر زیادہ جھکنا بھی اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا ہے، کیونکہ ایسا کرنے میں دھان سے چوٹ لگنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ کام کرتے وقت جبکہ بدن معمول سے زیادہ گرم ہو یعنی ۹۹ درجہ سے زیادہ گرمی ہو، یا پسینہ کثرت سے آیا ہوا ہو تو بدن پر

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ٹھنڈا پانی نہ ڈالیں۔ اگر ہاتھ منہ دھونے کی ضرورت ہو تو تھوڑا توقف کریں۔ اسی طرح مذکورہ حالت میں تیز ہوا کے سامنے ہونا، یا ٹھنڈا پانی پینا بھی صحت کے لئے نقصان دہ ہے۔ تنگ و تاریک جگہ میں گرم کام نہیں کرنا چاہیئے۔ معمولی سے معمولی چوٹ لگنے پر یا جل جانے سے اگر معمولی زخم بھی ہو جائے تو فوراً قریبی ڈاکٹر کی مدد حاصل کرنی ضروری ہے۔

نوٹ:۔ انچ لکھنے کی مختصر نشانی = ″

فٹ لکھنے کی مختصر نشانی = ′

فُٹ کے حِصّہ جات

لوہار کو فٹ کے حِصّہ جات کی شناخت ضرور ہونی چاہیئے، کیونکہ بعض اوقات نقشہ دیکھ کر پرزہ بنانا درکار ہوتا ہے۔ پس اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے ذیل میں صرف ضروری حد تک تعارف کرایا جاتا ہے۔ امید ہے کہ ناظرین اسے شوق سے ذہن نشین کریں گے۔

انچ کے حِصّہ جات مکسو عام میں

ایک سو لواں = ″ 1/16	ڈھائی سوت = ″ 5/16	ساڑھے چار سوت = ″ 9/16	ساڑھے چھ سوت = ″ 13/16
ایک سُوت ″ 1/8	تین سوت = ″ 3/8	پانچ سوت = ″ 5/8	سات سوت = ″ 7/8
ڈیڑھ سوت ″ 3/16	ساڑھے تین سوت = ″ 7/16	ساڑھے پانچ سوت ″ 11/16	ساڑھے سات سُوت = ″ 15/16
دو سوت یا ایک پین ″ 1/4	چار سوت یا آدھ انچ = ″ 1/2	چھ سوت یا تین پین ″ 3/4	آٹھ سوت یا ایک انچ = ″ 1

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

طول کے پیمانے

دو سو ٹھویں انچ کے	=	ایک سوت
۲ سوت	=	ایک پین
۴ سوت	=	آدھ انچ
۸ سوت	=	ایک انچ
۱۲ انچ	=	ایک فٹ

ڈیسی مل دسویں حصّے کو کہتے ہیں اور اس کی نشانی (۰) کی سی ہوتی ہے۔ جب کوئی رقم دس کی کسر میں لکھنی ہو تو یہ نشانی (۰) دے کر بعد میں لکھ دیتے ہیں۔ مثلاً:-

$1\frac{9}{10}$	$1\frac{8}{10}$	$1\frac{7}{10}$	$1\frac{6}{10}$	$1\frac{5}{10}$	$1\frac{4}{10}$	$1\frac{3}{10}$	$1\frac{2}{10}$	$1\frac{1}{10}$	۱
1·9	1·8	1·7	1·6	1·5	1·4	1·3	1·2	1·1	1·05

ڈیسی مل کے بعد زیادہ رقم

$1\frac{1222}{10000}$	$1\frac{122}{1000}$	$1\frac{12}{100}$	$1\frac{11}{100}$	$1\frac{1}{100}$
1·1222	1·122	1·12	1·11	1·01

انچ کے حصہ جات ڈیسی مل میں (کسوا عشاریہ)

$\cdot8125 = \frac{13}{16}$	$\cdot625 = \frac{5}{8}$	$\cdot4375 = \frac{7}{16}$	$\cdot25 = \frac{1}{4}$	$\cdot0625 = \frac{1}{16}$
$\cdot875 = \frac{7}{8}$	$\cdot6875 = \frac{11}{16}$	$\cdot5 = \frac{1}{2}$	$\cdot3125 = \frac{5}{16}$	$\cdot125 = \frac{1}{8}$
$\cdot9375 = \frac{15}{16}$	$\cdot75 = \frac{3}{4}$	$\cdot5625 = \frac{9}{16}$	$\cdot375 = \frac{3}{8}$	$\cdot1875 = \frac{3}{16}$

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

فٹ کے حصہ جات ڈیسی مل میں

.083	1"	.312	$3\frac{3}{4}$"	.542	$6\frac{1}{2}$"	.771	$9\frac{1}{4}$"
.104	$1\frac{1}{4}$"	.333	4"	.562	$6\frac{3}{4}$"	.792	$9\frac{1}{2}$"
125	$1\frac{1}{2}$"	.354	$4\frac{1}{4}$"	.583	7"	.812	$9\frac{3}{4}$"
.146	$1\frac{3}{8}$"	.375	$4\frac{1}{2}$"	.604	$7\frac{1}{4}$"	.833	10"
.167	2"	.396	$4\frac{3}{4}$"	.625	$7\frac{1}{2}$"	.854	$10\frac{1}{4}$"
.187	$2\frac{1}{4}$"	.416	5"	.646	$7\frac{3}{9}$"	.875	$10\frac{1}{2}$"
.208	$2\frac{1}{2}$"	.437	$5\frac{1}{4}$"	.666	8"	.896	$10\frac{3}{4}$"
.229	$2\frac{3}{4}$"	.458	$5\frac{1}{2}$"	.687	$8\frac{1}{4}$"	.916	11"
.25	3"	.479	$5\frac{3}{4}$"	.708	$8\frac{1}{2}$"	.937	$11\frac{1}{4}$"
.271	$3\frac{1}{4}$"	.5	6"	.729	$8\frac{3}{4}$"	.958	$11\frac{1}{2}$"
.292	$3\frac{1}{2}$"	.521	$6\frac{1}{4}$"	.75	9"	.979	$11\frac{3}{4}$"

وزن کے پیمانے

28 پونڈ = ایک کوارٹر

4 کوارٹر = ایک ہنڈرویٹ

20 ہنڈرویٹ = ایک ٹن

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

اوزار TOOLS

جو لوہار اپنے اوزار ضرورت کے مطابق اور ستھرے بنانے کا عادی ہے، وہ باقی پرزہ جات کو بھی نقشہ یا نمونہ پر صحیح بنا سکتا ہے اس واسطے کاریگر کی قابلیت کا اندازہ اگر اس کے اوزاروں (بشرطیکہ اس کے اپنے تیار کردہ ہوں) سے بھی لگایا جائے تو درست ہے۔ پس ہر وہ اپرنٹس یا نیم کاریگر جس کو اس فن پر عبور کرنا ہو اپنے ہتھیاروں کو شوق اور قابلیت سے بنانے کی کوشش کرے، کیونکہ ستھرے اوزار کاریگر کی زینت ہوتے ہیں۔ اس جگہ چند اوزاروں کے نام اور بنانے کے طریقے آسان اور عام فہم زبان میں بتائے جاتے ہیں:۔

دوکان (HEARTH) جس جگہ لوہار اپنے لوہے وغیرہ کو گرم کرتا ہے۔ اس کو دوکان کہتے ہیں۔

اینٹوں کی دوکان (BRICK HEARTH) شہروں میں چھوٹے چھوٹے دکاندار اینٹوں کی دکانیں بنا کر کام چلا لیتے ہیں۔ دیکھو شکل نمبر ۱

لوہے کی دوکان (STEEL HEARTH) یہ دوکانیں لوہے کی بنائی جاتی ہیں۔ بعض کمپنیوں نے یہ دکانیں کاسٹ آئرن کی بھی تیار کی ہیں۔ دیکھو شکل نمبر ۲ ان پر لاگت تو ضرور زیادہ آتی ہے۔ مگر دیرپا اور کارآمد ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں ان کو دوسری جگہ بآسانی تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 1



شکل نمبر 2

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

اینٹوں کی چپٹی دوکان (PLATFIRE) یعنی ایسے لوہے جو کہ مذکورہ بالا دکانوں میں گرم نہیں ہو سکتے۔ جہاں سے اُن کو گرم کرنا مطلوب ہو۔ تو ایسی دکانوں کی ضرورت لاحق ہوتی ہے، ان میں کام کی ماہیت کو دیکھتے ہوئے ایک سے چار نالوں کا بندوبست کیا جا سکتا ہے لیکن عام طور پہ دو نالی دکانیں زیادہ استعمال ہوتی ہیں۔ دیکھو شکل نمبر ۳

گول دوکان (POT FIRE) یہ دوکان عام طور پر لوہے کے پلیٹوں سے بنائی جاتی ہے۔ اس میں بھی ایک سے چار ہوا والی نالیوں کا انتظام ہو سکتا ہے۔ اس دکان میں بھاری سے بھاری لوہا گرم کیا جا سکتا ہے۔ ان دوکانوں کی اونچائی زمین سے تقریباً ۱½ فٹ ہونی چاہیئے۔ شکل نمبر ۴

ہر ایک دکان کے ساتھ پانی والی ہودی بھی لازمی چیز ہے۔ کیونکہ آبداری کا کام اس چیز کے بغیر سرانجام نہیں پا سکتا۔ علاوہ ازیں لوہار کو اپنے ہاتھوں کے تر کرنے کے لئے اور بعض جگہ سے لوہا ٹھنڈا کرنے کے واسطے بھی اس بالٹی کی ضرورت ہوتی ہے۔ پس لوہار کو کام شروع کرنے سے پیشتر ضرورت کے مطابق پانی کا انتظام ضرور کرنا چاہیئے۔

پنکھا (BLOWER) پنکھا وہ آلہ ہے جس سے ہوا پیدا ہو کر دکان میں آگ سلگاتی ہے۔ یہ پنکھے ہر ایک سائز کے کاسٹ آئرن لوہے کے پلیٹوں سے بنے ہوئے مل سکتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل 3



شکل 4



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

اگر یہ پنکھا بنانا مقصود ہو تو تجربہ شدہ ذیل کے طریقہ سے اس کے سائڈ پلیٹ کاٹیں پنکھڑیوں کے ڈائیمٹر کو پنکھا کا سائز تصور کریں۔

طریقہ ۱:۔ پنکھے کا سائز × $\frac{3}{2}$ کے برابر مناسب موٹائی کے ایک چورس پلیٹ میں دائیں سے بائیں، درمیان میں۔ مگر نیچے سے سائز پنکھے کا $\frac{1}{12}$ اوپر کی طرف ایک سنٹر قایم کریں۔ اس قایم شدہ سنٹر سے پنکھڑیوں کے ڈائیمنز کے برابر گول دائرہ لگا کر اُسی سنٹر سے سائز پنکھا × $\frac{1}{3}$ کا ہوا دان کا نشان لگائیں۔ پھر پلیٹ کے نیچے والے داہنے کونہ کے اوپر سائز پنکھا کے $\frac{1}{3}$ کے برابر دائیں سے بائیں کی طرف ایک خط لیول میں اس بیرونی گول دائرہ تک ملا کر دائرہ کے گرد اپنے خط کو کو تھوڑا تھوڑا زیادہ کرتے ہوئے پلیٹ کے نصف یعنی قایم شدہ سنٹر کے عین نیچے ملا دیں۔ بس ان نشانات سے پلیٹ مذکور کو کاٹ لو۔ پھر ایک دوسرا پلیٹ اسی سائز کا تیار کریں۔ پھر سائز پنکھا × $\frac{1}{3}$ کی اندرونی چوڑائی پر ہر دو پلیٹ کو براکٹ ..... دُھری۔ بلٹ پلی اور پنکھڑیاں بنانے کے بعد صحیح سنٹر میں رکھ کر مستقل کر لو۔ پنکھڑیوں کے متعلق تجربہ سے ثابت ہوا ہے۔ کہ ۲ پنکھا سے $\frac{1}{2}$ ۲ تک چار۔ ۵ سے $\frac{1}{2}$ ۵ تک پانچ ۱۰ سے $\frac{1}{2}$ ۱۴ تک چھ اور ۱۵ سے اُوپر آٹھ پنکھڑیاں ہوا پیدا کرنے میں زیادہ کارآمد ہیں۔ مثال کے لئے دیکھو شکل نمبر ۶

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سائز پنکھا	A	6″ =
پلیٹ		9″ = $\frac{3}{2}$ × 6″ = (ا ب ج د)
دُھری کے لئے سنٹر	B	$\frac{1}{2}$″ = $\frac{1}{12}$ × 6 =
ہوادان	C	2″ = $\frac{1}{3}$ × 6″ =
منہ کی چوڑائی	D	2″ = $\frac{1}{3}$ × 6″ =
دونوں سائیڈ پلیٹ کے درمیان اندرونی فاصلہ	E	2 = $\frac{1}{3}$ × 6″ =

شکل نمبر 6



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

نہائی (ANVIL) وہ اوزار ہے جس پر گاہے گاہے لوہے وغیرہ کو مطلوبہ شکل میں بناتا ہے۔ اس کا داہنی طرف کا حصہ چورس نولہ (FLAT BICK) اور بائیں طرف کا حصہ گول نولہ (ROUND BICK) کہلاتا ہے۔ چورس نولہ میں ایک چورس سوراخ اور ایک چھوٹا سا گول سوراخ ہے جو کہ سیسہ وغیرہ رکھنے کے کام آتے گول نولہ رنگ یا گولائی دار لوہے بنانے میں مدد دیتا ہے۔ دیکھو شکل 7 نہائی کی اُوپر والی سطح پر اسپات لگایا جاتا ہے۔ بعض فیکٹریوں نے نہائیاں ہر ایک مناسب وزن کی بنائی ہیں۔ تاکہ ضرورتمند دوکاندار خرید کر اپنے کام میں سہولت حاصل کریں۔ نہائی کو لکڑی کے چورس بلاک پر رکھ کر بھی کام میں لایا جا سکتا ہے، مگر کاسٹ آئرن بلاک (ANVIL STAND) زیادہ مفید ہیں۔ دیکھو شکل نمبر 8

ہر دو صورت میں نہائی کا گول نولہ دوکان کی طرف رکھتے ہوئے تقریباً $2\frac{1}{2}$ فٹ کی اُونچائی پر نصب کریں کیونکہ اس اونچائی پر لوہار اور ہیمر میں دونوں کو کام میں آسانی رہتی ہے۔

بھگنا (SWAGE BLOCK) شکل نمبر 9 بھی کاسٹ آئرن کا ایک کارآمد اوزار ہے۔

مارتول (HAND HAMMER) اس اوزار کو جس سے کاریگر ٹھکی چوٹ لگانے کا کام اپنے ہاتھ سے سرانجام دیتا ہے مارتول یا ہتھوڑا کہتے ہیں۔ اس کا وزن $1\frac{1}{2}$ پونڈ سے 2 پونڈ تک ہونا چاہیئے۔ بنانے کے لئے گول یا ہشت پہل فولادی (اسپات کے سریا کو جو کہ $1\frac{1}{2}$ یا $1\frac{3}{4}$ گول ہو ایک سرے کو سلامی کر کے بیضوی پنچ (سمبنہ) سے سوراخ کریں۔ دیکھو شکل نمبر 10

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 7

شکل نمبر 8



شکل نمبر 9



شکل نمبر 10

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پھر سلامی کردہ حصہ کی طرف $\frac{3}{4}$ ؍۱ کا دوسری طرف $\frac{1}{2}$ ؍۱ کا ڈنگہ ٹھپہ لگا کر پہل تیار کریں دیکھو شکل نمبر ۱۱

اس کے بعد پنچ کو سوراخ کے اندر ہی رکھتے ہوئے ڈنگے ٹھپہ سے ہر دو طرف پھیلائیں یہاں تک کہ سوراخ کی لمبائی (بین کی لمبائی) سریا سے $\frac{1}{2}$ ؍۱ کے برابر ہو جائے۔ دیکھو شکل نمبر ۱۲ پس ڈائی اسپات کی شکل نمبر ۱۳ میں رکھتے ہوئے پنچ سے سوراخ تیار کریں۔ شکل نمبر ۱۴۔ ایک طرف سوراخ قدرے بڑا ہونا چاہیئے۔ اور درمیان میں ذرا تنگ۔ تاکہ جب لکڑی کا دستہ فٹ کیا جائے۔ تو فوری نہ پھسلتا رہے۔ اس کے بعد پہل سے سریا کی موٹائی کا $\frac{1}{2}$ ؍۱ کے برابر لمبائی کاٹ کر گول کر لیں اور ریتی سے صاف کر کے آبداری لگائیں۔ اگر گول شکل کے ہتھوڑے زیادہ بنانے مقصود ہوں تو پاور ہیمر کا ٹھپہ شکل نمبر ۱۵ تیار کریں اگر کاٹ ڈالو اگر گول اسپات کے سریا کے ایک سرے کو تھوڑا سلامی کر کے (شکل نمبر ۱۶ ٹھپہ میں رکھ کر چوٹ لگواتے ہوئے لوہا کو گھماتے جائیں۔ یہاں تک کہ دونوں ٹھپے آپس میں مل جاویں۔ پس شکل نمبر ۱۷ تیار ہو گی۔ اس کے بعد سابقہ طریقہ پر عمل کرتے ہوئے مارتول تیار کر لیں۔ اس صورت میں پہل بنانے کی چنداں ضرورت نہیں۔

بعض اوقات چورس اسپات کے سریا کو سوراخ کر کے ہتھوڑا بنایا جاتا ہے۔ دیکھو شکل نمبر ۱۸ اس کو دیسی ہتھوڑا کہتے ہیں۔ اور بہت آسان تیار ہوتا ہے۔

گن (SLEDGE HAMMER) یاد دان۔ اس کی شکل ہتھوڑے سے مختلف ہوتی ہے وزن میں بھی ہتھوڑے سے بھاری یعنی 7 پونڈ سے دس پونڈ یا حسب ضرورت اس سے کم و بیش بھی

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر 11



شکل نمبر 13



شکل نمبر 12



شکل نمبر 14





شکل نمبر 15



شکل نمبر 16

شکل نمبر 18

شکل نمبر 17

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہوتا ہے۔ لوہار کو ہمیر میں اس دوان سے اُس کے کام میں ضروری مدد دیتا ہے۔ بنانے کے لئے چورس اسپات کے ٹکڑے کو ایک / تین کی نسبت پر سوراخ کر کے بڑے حصہ کو ہشت پہل اور چھوٹے کو ڈوڑنگا کی شکل پر تیار کریں (دیکھو شکل نمبر 19 صفحہ 23) بعض صورت میں ٹکڑے کے درمیان میں بیضوی سوراخ کر کے ہر دو طرف ہشت پہل بنایا جاتا ہے (دیکھو شکل نمبر 20) اس کو دو تلیا دوان کہتے ہیں۔

سنسی (TONG) آہنگری اوزاروں میں سے سنسی ایک ایسا اوزار ہے، کہ جس کا وزن لمبائی اور شکل لوہار کے پیش نظر کام پر منحصر ہے۔ سنسیاں کئی قسم کی استعمال میں آتی ہیں۔ مگر اس جگہ مضمون کو مختصر کرتے ہوئے چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔

سنی بناتے وقت لوہا لال رنگت سے زیادہ گرم نہ کرنا چاہیئے کیونکہ کام کرنے والے حسب المرضی کام کے مطابق ان کا سائز تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ اس لئے اگر لوہا میں جلن یا کریک ہو۔ تو بعض اوقات فوراً ٹوٹ جانے سے چوٹ کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے لوہا کلاس نمبر ۲ یا اس سے زیادہ سخت سنی کے لئے استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

سنی بنانے کیلئے گول سریا کو ایک چورس ٹکڑے پر رکھ کر چوٹ لگائیں شکل نمبر 21 پھر چھوڑے گئے حصہ کو مطلوبہ شکل میں بڑھا کر سوراخ کریں (دیکھو شکل نمبر 22)

پس بڑا حصہ مناسب لمبا کر کے گول کر لیں اور اسی طریقہ سے دو ٹکڑے تیار کریں پھر دونوں کو روٹ کر کے مطلوبہ لوہا پر سٹ کریں۔ یاد رہے کہ روٹ اتنی ڈھیلی ہو کہ ہاتھ میں سنی آسانی سے کام دے سکے پٹی یعنی چوڑے منہ والی سنی کا منہ بنانے کیلئے لوہا کو چھینی سے چیر کر سیدھا کریں۔

(دیکھو صفحہ ۲۳ شکل نمبر 23 و 24)

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر 19

دیکھو شکل نمبر 3 و 4 و 2





شکل نمبر 20



شکل نمبر 21



شکل نمبر 22

شکل نمبر 23



شکل نمبر 24

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

گول منہ والی سنی کا منہ دیکھو شکل نمبر 25

پیڈی سنی (CLOSE TONG) شکل نمبر 26 یہ سنی کم موٹائی یعنی $\frac{1}{8}$ سے $\frac{3}{8}$ تک لوہا پکڑنے کے کام آتی ہے ضرورت کے وقت اس کو چوٹ لگا کر ذرا بڑا کیا جاتا ہے۔ اس سنی سے لوہا کو خوب مضبوطی سے پکڑنا چاہیئے کیونکہ اس سنی کے پھسلنے کا بہت اندیشہ ہوتا ہے۔

گول سنی بک والی (BOLT TONG) شکل نمبر 27 یہ سنی گول لوہا پکڑنے کیلئے کام آتی ہے۔ بولٹ پن اور اسی قسم کے دوسرے پرزہ جات بھی مضبوطی سے قابو آسکتے ہیں۔

پٹی والی سنی (FLATBARTONG) شکل نمبر 28 اس سنی سے چورس لوہا یا پٹی اچھی طرح پکڑی جاسکتی ہے، بناتے وقت کونہ A زیادہ احتیاط سے تیار کریں، کمزور اور جلن بالکل نہ ہو۔ کونے کی مضبوطی اور لمبائی لوہا کے مطابق ہونی چاہیئے۔

زاویہ سنی (ANGLE TONG) شکل نمبر 29۔ اس کو گوشہ یا کون سنی بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ اینگلارن یا کسی قسم کے کونہ دار لوہا کو پکڑ سکتی ہے۔

کامویں سنی (DUCK BILL TONG) شکل نمبر 30 یہ سنی پٹی کو آڑی طرف اور کلہاڑا، بسولہ یا اس قسم کے دوسرے اوزاروں کو سوراخ والی جگہ سے پکڑ سکتی ہے۔ اس کا کونہ جھکاتے وقت احتیاط لازمی ہے۔

سنی ٹی آئرن (HOOP TONG) شکل نمبر 31

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر 25

شکل نمبر 26



شکل نمبر 27



شکل نمبر 28



شکل نمبر 29



شکل نمبر 30



شکل نمبر 31



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

رِوٹ سنی (LINK TONG RIVET TONG) شکل نمبر 32 یہ سنی روٹ، گول لوہا کے رنگ اور گول سریا عمودی طور پر پکڑنے کیلئے نہایت اچھی چیز ہے

چورس سنی (SQUARE BIT TONG) شکل نمبر 33 اس سنی سے لوہا کو آسانی سے اُلٹا یا پلٹا یا جاسکتا ہے اس لئے یہ عام استعمال کا اوزار ہے۔ اس سے پرزہ کو نہایت ہوشیاری سے پکڑنا چاہیئے، کیونکہ نرم ہاتھ رکھنے سے لوہا پھسل جانے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔

نالی والی سنی (BUSH TONG) شکل نمبر 34 جب نالی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں، بُشوں کو کم ناپ کرنا مقصود ہو تو ایسی سنی نہایت کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ نالی کے ٹکڑے یا بُش کو اندر سے پکڑتی ہے اس لئے باہر کی طرف آسانی سے گول ٹھپہ وغیرہ سے کم ناپ کیا جاتا ہے۔

ٹول کی سنی (TOOL TONG) شکل نمبر 35 کو کہتے ہیں۔

اینگلارن کی سنی (ANGLE IRON TONG) شکل نمبر 36 یہ سنی اینگلارن کو عمودی پکڑنے کے لئے اور اس کے رنگ (ٹکڑے) بنانے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ ہر ایک سنی مطلوبہ لوہا کے سائز کے مطابق بنانی چاہیئے۔

پدرا ٹھپہ (FLATTER) بنانے کیلئے اسپات کے چورس ٹکڑے کو ایک سرے سے گرم کرکے چوٹ لگائیں نتیجہ شکل نمبر 37 ہوگا۔ پھر تقریباً آدھ انچ فلینج کی موٹائی چھوڑ کر باقی ماندہ موٹائی سٹرک کے برابر کریں۔ پھر ڈنگا ٹھپہ سے فلینج کو تیار کریں شکل نمبر 38

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 32



شکل نمبر 33

شکل نمبر 34



شکل نمبر 35



شکل نمبر 36



شکل نمبر 37



شکل نمبر 38



شکل نمبر 39



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پس فلنج کے علاوہ ۱/۳ پر فیصدی سوراخ کر کے سوراخ والی جگہ ذرا موٹی رکھیں۔
شکل نمبر 39۔ تاکہ سوراخ کے ہر دو طرف مضبوط ہوں اور گول کرتے وقت ٹوٹنے سے محفوظ رہے۔

پدرا ٹھپہ چورس اٹ دار (SHARP EDGE FLATTER) شکل نمبر 40
اس سے لوہا کو ہموار کیا جاتا ہے، اور کونیوں کے اندرونی زاویہ کو تیز کرنے میں بہت مدد دیتا ہے۔

پدرا ٹھپہ گول اٹ دار (SLOW EDGE FLATTER) شکل نمبر 41 یہ ٹھپہ علاوہ لوہے کو ہموار کرنے کے اس کی سطح کو صاف کرنے کے لئے کام آتا ہے۔ جب کونی کے اندر زاویہ کو قدرے گول رکھنا مقصود ہو یا کسی چورس کے ساتھ پشت پھیل بنانے درکار ہوں تو یہ ٹھپہ استعمال کرنا پڑتا ہے۔

اٹ دار ٹھپہ (SET FLATTER) شکل نمبر 42 پر ٹھپہ تیز کونہ بنانے اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنے کے لئے کام آتا ہے۔

گول اٹ ٹھپہ (SLOW EDGE SET. H.) شکل نمبر 3 پر اس سے لوہا کو بڑھانے اور دبانے کا کام لیا جاتا ہے کیونکہ اس کی گول اٹ لوہے کی سطح پر غیر مطلوبہ نشان نہیں پڑنے دیتی۔ ان ٹھپوں کی لمبائی تقریباً ۶ انچ ہونی چاہیئے۔

گرم منبمد (DRIFT) شکل نمبر 44 اس کو اگر دستے والا پنچ کہا جائے تو بھی درست ہے۔ کیونکہ اس سے گرم لوہا میں سوراخ کرنے کا کام سرانجام پاتا ہے۔ گرم لوہا میں سوراخ کرتے وقت اس کو ہر ایک منٹ کے بعد ٹھنڈا کرنا چاہیئے۔ اور ادھورے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر ۴۱



شکل نمبر ۴۰



شکل نمبر ۴۲



شکل نمبر ۴۳

شکل نمبر ۴۴

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سوراخ میں پتھر کا کچا کوئلہ ڈالنا چاہیئے۔

گرم چھینی (HOT GATE) شکل نمبر 45 اس سے گرم لوہا چیرنے یا کاٹنے کا کام لیا جاتا ہے۔ چھینی کا دھار بناتے وقت اس بات کا خیال رکھنا لازمی ہے کہ دھار ہر دو طرف یکساں ہو، گرم پنچ کی طرح اس کو بھی استعمال کرتے وقت ہر ایک منٹ کے بعد ٹھنڈا کرنا ضروری ہے۔ تاکہ دھار خراب نہ ہو۔

گول ٹھپہ (TOP SWAGE) شکل نمبر 46 اس ٹھپہ سے چھوٹے چھوٹے لوہے مثلاً آئی بولٹ وغیرہ یا سینوں کے پکڑنے والے حصے گول کئے جاتے ہیں اس سے بڑے بڑے سائز کے ٹھپے شکل نمبر 47 بھی لوہے گول کرنے یا کسی لیور کے سروں کو گول کرنے کے کام آتے ہیں۔

ڈنگا ٹھپہ (TOP FULLER) شکل نمبر 48 اس سے لوہا کو خم دیا جاتا ہے اور بڑھانے یا کسی محدود جگہ کو کم سائز کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔ پتلے سے موٹے ڈنگے ٹھپہ کو کئی ٹھپہ کہتے ہیں۔ جو کہ خم دینے یا قطر کا کوئی حصہ بنانے اور رنگ وغیرہ چھکانے کے کام آتا ہے۔

چورس ٹھپہ نہائی میں (ANVIL BLOCK) یہ شکل نمبر 49 یہ ٹھپہ بعض پرزوں کی تھوڑی جگہ کو دبانے یا اس کو صاف کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

گول ٹھپہ نہائی میں (BOTTOM SWAGE) شکل نمبر 50 یہ ٹھپہ لوہا کو گول کرنے کے کام آتا ہے۔ ایسے ٹھپہ جات ایک انچ یا اس سے زیادہ سائز کے لئے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر 45

شکل نمبر 46



شکل نمبر 47



شکل نمبر 48

شکل نمبر 49



شکل نمبر 50



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بنائے جاتے ہیں۔ اگر چھوٹے چھوٹے لوہوں کو گول کرنے کے لئے ٹھپہ بنانا ہو، تو ایک ہی ٹھپہ میں دو پیتیں یا اس سے زیادہ سریے لگا لیتے ہیں۔ مگر یاد رکھنا چاہیئے، کہ بڑا سائز درمیان میں رکھنا لازمی ہے۔ دیکھو شکل نمبر 51

چھینی نہائی میں (HARDIE) شکل نمبر 52، چھینی بھی چھوٹے چھوٹے سریے کاٹنے کیلئے استعمال ہوتی ہے، اس کے اوپر سریا رکھ کر اتنے زور کی چوٹ لگائی جائے، کہ سریا فوراً جدا ہو کر گر پڑے۔ بلکہ چوٹ اس انداز سے لگائی جائے، کہ سریے کا کچھ حصہ باقی رہے، جو کہ ہاتھ سے علیحدہ کیا جا سکے۔

ٹن کا ٹھپہ نہائی میں (BOTTOM FULLER) شکل نمبر 53 اور شکل نمبر 54، یہ ٹھپے مارتول بنانے اور دوسرے چھوٹے چھوٹے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں۔

سر تراشنا نہائی میں (CROPPER) شکل نمبر 55 اس میں گول سرے چھوٹے سائز کے کاٹتے ہیں۔

گنیا ٹھپہ (V. SWAGE) شکل نمبر 56 اور

شش پہل ٹھپہ (EXAGON SWAGE) شکل نمبر 57 بھی کارآمد ٹھپے ہیں۔

کمپاس (CLIPPER) شکل نمبر 63 ایک کارآمد آہنگری اوزار ہے یہ پرزوں کے بیرونی سائز ناپنے کیلئے کام آتا ہے۔ لوہار کو چونکہ گرم لوہا ناپنے کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے دستہ والی کمپاس بنانی چاہیئے۔ جس کا سائز کام کی موافقت سے ہونا لازمی ہے پیمانے کیلئے شکل نمبر 58

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.


شکل نمبر 51


شکل نمبر 52


شکل نمبر 53


شکل نمبر 54


شکل نمبر 55


شکل نمبر 56


شکل نمبر 57


شکل نمبر 58

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ایک اسپات کی پٹی کو مطلوبہ دوری تک چیر لیں، پھر شکل نمبر 59 کی طرح سلامی بڑھا کر درمیان میں چورس سوراخ کرتے ہوئے ہینڈل تیار کریں، اس عمل کے بعد سوراخ سے سلامی شدہ حصہ کے برابر دو ٹکڑے اسی سائز اور اسی شکل کے تیار کریں دیکھو شکل نمبر 60

اس کے بعد دو اٹسرز شکل نمبر 61 جس کا بیرونی سائز سوراخ والی جگہ A سے قدرے کم ہو تیار کریں۔ پھر ایک ریوٹ جو کور درمیان میں چورس اور ہر دو اطراف سے گول ہو، بنائیں پس دونوں ٹکڑے صحیح طور پر ہر دو طرف رکھتے ہوئے، ریوٹ اس انداز سے کریں کہ کمپاس کے ہاتھ اپنے آپ اندر باہر ہو سکیں، دیکھو شکل نمبر 63

بعض کاریگر بجائے چورس سوراخ یا چورس ریوٹ لگانے کے گول ریوٹ ہی استعمال کرتے ہیں، لیکن اس کا نتیجہ اچھا نہیں ایسی کمپاس کے ایک ہاتھ کو صحیح کر کے جب دوسرے ہاتھ کو کسی مطلوبہ ناپ پر ٹھیک کرتے ہیں، تو پہلا ہاتھ اندر یا باہر ہو جاتا ہے۔ جس سے پرزہ کے سائز ناپنے میں غلطی ہو جاتی ہے، اس لئے یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے۔

گُنیار THE SQUARE (شکل نمبر 64 - 90 ڈگری کی گیج۔ یہ کام کرنے والے کو تو اپنے لوہے کے صحیح کونہ 90 ڈگری کا زاویہ پرزہ جات کو ناپنے اور لوہا کو ایک لائن میں دیکھنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اس کو گُنیا کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ایسا گنیا عموماً ایک طرف کا بازو ایک فٹ اور دوسری طرف کا دو فٹ ہوتا ہے۔ اس کے اوپر انچ کے سولھویں، آٹھویں، آدھ انچ اور ایک ایک انچ کے نشانات ضرور ہونے چاہئیں تاکہ پرزہ جات کے سائز اور لوہا کی لمبائی وغیرہ ناپنے میں آسانی ہو۔ ان نشانات کی

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کی شناخت کے لئے دیکھو شکل نمبر 65 اس کے علاوہ ڈبل گنیا شکل نمبر 66 بھی آہنگر کے لئے ایک کارآمد اوزار ہے۔

بے گنیا (BEVEL SQUARE) بنانے کیلئے لوہا کی $\frac{1}{2}$" × 1" × $\frac{1}{4}$" × 12" پٹی کو ڈبل کرتے ہوئے اس کے سروں کو گول کریں۔ اور ایک بازو میں چورس سوراخ اور دوسرے میں گول سوراخ بنائیں، دیکھو شکل نمبر 67 تاکہ بولٹ شکل نمبر 68 سٹ ہو سکے۔ پھر ایک سٹیل کا ٹکڑا $\frac{1}{4}$" × 1" × $\frac{1}{16}$" × 12" کے درمیان میں جھری نکال کر مذکورہ بولٹ وغیرہ سے سٹ کرلیں۔ دیکھو شکل نمبر 69

پس وہ کونیاں جو کہ گنیا سے باہر یا گنیا سے اندر بنانی مقصود ہوں۔ ان کو صحیح دیکھنے کیلئے اس زاویہ پر سٹ کر کے مطلوبہ کونیاں صحیح کریں۔

لوہے کی بار جس صورت میں ٹھنڈی کاٹنی مقصود ہو۔ ٹھنڈی چھینی شکل نمبر 70 (COLD CUTTER) جس کا تیز کونہ 60 ڈگری کا ہوتا ہے نہایت مفید ہتھیار ہے اس سے بار کے چاروں طرف گہرا نشان لگائیں۔ شکل نمبر 71



شکل نمبر 70



شکل نمبر 71

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 65

شکل نمبر 66



شکل نمبر 67

شکل نمبر 68

شکل نمبر 69

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پھر ڈوکڑے اس نشان کے ہر دو طرف رکھ کر ایک گول سریا کا ٹکڑا جو کہ بار کی موٹائی سے کسی صورت میں کم لمبا نہ ہو۔ عین درمیان میں رکھتے ہوئے چوٹ لگائیں، دیکھو شکل نمبر 72 بعض اوقات کاریگر ایک ہی ٹکڑا نیچے رکھ کر توڑنے کیلئے چوٹ لگاتے ہیں۔ شکل نمبر 73۔ مگر یہ طریقہ سابقہ طریقہ سے ناقص ہے۔ ہر دو صورت میں چوٹ لگانے سے پیشتر آس پاس کے آدمیوں کو خبردار کر دینا چاہیئے۔

تپائی:۔ STAND (شکل نمبر 74) کام کرتے وقت جب لمبے سریے یا اینگلارن وغیرہ خود کاریگر کو سنبھالنے مشکل ہوں تو یہ کھوڑی بنائی جاتی ہے۔ جس اونچائی پر لوہا تھامنا مطلوب ہو اس اونچائی کے سوراخ میں راڈ شکل نمبر 75 ڈالکر لوہا تھامنے میں آسانی حاصل کریں۔

ہیمپر چھینی (HOT CUTTER) شکل نمبر 76 اس سے گرم لوہا کاٹا جاتا ہے۔

چپوا (POWER FLATER) شکل نمبر 77 لوہا کے کسی حصّہ کو درمیان میں بڑھانے اور دبانے کا اوزار ہے، جب ہر دو طرف سے یکساں دبانا مقصود ہو۔ تو اس کے نیچے ایک ٹکڑا شکل نمبر 78 رکھ لیتے ہیں۔

قلابہ (LINK) بنانے کیلئے لوہے کی لمبائی معلوم کرنا پہلا کام ہے۔ جس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ کڑی کی بیرونی دو لمبائیوں میں اندرونی چوڑائی جمع کریں پس تاؤ کے بغیر یہ لمبائی صحیح ہوگی۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 72

شکل نمبر 73



شکل نمبر 74



شکل نمبر 75

شکل نمبر 76



شکل نمبر 77



شکل نمبر 78

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

مثال۔ کڑمی شکل نمبر 79 کے لئے لمبائی معلوم کرو۔

لمبائی لوہا = 6" + 6" + 2" = 14" پس یہ لوہے کا سائز بغیر تاؤ لگانے کے درست ہے شکل نمبر 80۔ اگر تاؤ لگانا مقصود ہو تو جتنا لوہا جوڑ لگانے میں خرچ ہوگا اس کا اندازہ لوہار کی قابلیت پر ہے لیکن عام طور پر لوہے کی ایک موٹائی تاؤ کیلئے درکار ہے۔

شیکل۔ (SHACKLE) بنانے کیلئے اس کے سوراخ کے مرکز سے اندرونی دو لمبائیوں میں اندرونی چوڑائی جمع کرنے سے لوہے کی لمبائی سنٹر سے سنٹر تک ہوگی۔

مثال۔ شیکل شکل نمبر 81 کے لئے لوہے کی لمبائی معلوم کرو۔

لمبائی لوہا = 6" + 6" + 2" = 14" سنٹر سے سنٹر شکل نمبر 82 درست ہے۔

کلیمپ (CLAMP) شکل نمبر 83 کیلئے حسب ذیل قاعدہ سے لمبائی معلوم کریں۔

قاعدہ:۔ 12" + 6" = 18" پس کونہ سے کونہ کی لمبائی شکل نمبر 84 صحیح ہے۔

(SHACKLE) شکل نمبر 85 کیلئے سنٹر سے لوہے کے سنٹر تک کے ڈبل سائز میں اندرونی ناپ جمع کریں، پس لوہے کی لمبائی 6" + 6" + 4" = 16" سنٹر سے سنٹر تک ہوگی۔

پس شکل نمبر 86 بالکل درست ہے۔ مذکورہ بالا قاعدے یاد رکھنے سے کام میں آسانی ہوگی۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 79



شکل نمبر 80



شکل نمبر 81



شکل نمبر 82



شکل نمبر 83

شکل نمبر 84



شکل نمبر 85



شکل نمبر 86



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

براکٹ (BRACKET) شکل نمبر 87 بنانے کیلئے ٹھپہ شکل نمبر 88 پر عین درمیان میں لوہار رکھیں اور اوپر والا ٹھپہ رکھنے میں زیادہ احتیاط کریں۔ پس چوٹ لگانے سے نتیجہ شکل نمبر 89 ہوگا، اگر آپ ٹھنڈا لوہا استعمال نہیں کریں گے ٹھپہ بہت دیر تک صحیح کام دے گا۔

براکٹ (BRACKET) شکل نمبر 90 جب بنانے مقصود ہوں تو ٹھپہ شکل نمبر 91 پر درمیان میں لوہار رکھتے ہوئے اس قدر چوٹ لگائیں کہ لوہا ٹھپے کی اندرونی سطح تک ٹھیک پہنچ جائے، دیکھو شکل نمبر 92

براکٹ (BRACKET) شکل نمبر 93 جھکانے کے لئے مطلوبہ لوہے کے درمیان میں ایک سنٹر لگالیں، تاکہ اوپر کے ٹھپہ کی نوک عین درمیان میں رکھی جائے۔ شکل نمبر 94 پس سابقہ طریقہ کی طرح چوٹ اس قدر لگائیں، کہ لوہا ٹھپہ میں ٹھیک ٹھیک مل جائے۔ دیکھو شکل نمبر 95

ایسے براکٹ چونکہ مختلف سائز کے بنائے جاتے ہیں اس لئے دو اسپاتی ٹکڑے $9" \times 6" \times \frac{1}{2}"$ لیکر اُن میں دو بولٹ اس طرح لگائیں کہ حسب ضرورت ان کو کم و بیش کیا جاسکے، دیکھو شکل نمبر 96 پس کئی سائز کے براکٹ ایک ہی ٹھپہ میں بنائے جاسکتے ہیں لیکن اوپر کا ٹھپہ ہر ایک مختلف شکل و سائز کا علیحدہ علیحدہ بنانا لازمی ہے۔ گولائی دار براکٹوں کیلئے شکل نمبر 97 اور چورس براکٹوں کیلئے شکل نمبر 98 کارآمد ہے۔ غرض دو ٹکڑے دار ٹھپہ زیادہ استعمال میں آسکتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر 87

شکل نمبر 88



شکل نمبر 89



شکل نمبر 90



شکل نمبر 91



شکل نمبر 92

شکل نمبر 93



شکل نمبر 94



شکل نمبر 95



شکل نمبر 96



شکل نمبر 97

شکل نمبر 98



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

براکٹ (BRACKET) شکل نمبر 99 جبکہ $\frac{1}{8}$ سے $\frac{1}{2}$ موٹائی تک کے لوہے کے براکٹ اس قسم کے بنانے مقصود ہوں۔ تو ایک اسپاتی لوہا $\frac{1}{2}$ یا $\frac{5}{8}$ موٹا جس کی چوڑائی براکٹ کی چوڑائی سے کم نہ ہو خم دیکر براکٹ کے اندرونی سائز کے برابر اس کا بیرونی سائز تیار کریں پس لوہے کو گرم کر کے دونو چیزیں یعنی لوہا اور منڈل مضبوط پکڑیں شکل نمبر 100

براکٹ (BRACKET) شکل نمبر 101 کو تیار کرنے کیلئے ٹھپہ کی ساخت اور اس کا استعمال دیکھو شکل نمبر 102 پس چوٹ لگانے کے بعد نتیجہ شکل نمبر 103 ہے۔

براکٹ (BRACKET) شکل نمبر 104 کے لئے مطلوبہ سائز کا ٹھپہ اور اس کا استعمال دیکھو شکل نمبر 105 چوٹ لگا کر براکٹ شکل نمبر 106 تیار ہے۔

سیفٹی براکٹ (SAFETY BRACKET) شکل نمبر 107 جھکانے کے واسطے پہلے دونوں سروں کو مناسب ناپ پر کونیاں تیار کریں۔ پھر ایک اندرونی ناپ کا لوہا بنا کر کلپ سے مضبوط کر کے ایک طرف کا خم صحیح کریں۔ اور اس کے بعد دوسری طرف گرم کر کے ساتھ ملا دیں۔ دیکھو اشکال نمبر 108 و 109۔

نوٹ: بعض براکٹوں کی ساخت کے مختلف طریقے ناظرین سمجھ چکے، اب میں ناظرین ہنر کے سامنے حاصل کردہ تجربات پیش کروں گا۔ امید ہے۔ کہ برادران فن ضرور فائدہ حاصل کریں گے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.


شکل نمبر 99


شکل نمبر 100

شکل نمبر 101



شکل نمبر 102


شکل نمبر 103

شکل نمبر 104


شکل نمبر 105


شکل نمبر 106


شکل نمبر 107

شکل نمبر 108


شکل نمبر 109

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

قابلہ چابی، SPANNER، یہ چابیاں بنانے کے لئے مناسب سائز کی پٹی شکل نمبر ۱۱۰ کے سروں پر گول سر یا یا ڈنگا ٹھپہ لگائیں شکل نمبر ۱۱۱ پھر درمیانی حصہ بڑھا کر دونوں سروں کو گول کریں۔ اس کے بعد نٹ کے سائز کے مطابق ہر دو طرف سوراخ کر کے چھینی سے کاٹ لیں شکل نمبر 112۔ پس دونوں طرف گول سروں کو چھوڑ کر گنیا کے نصف زاویہ پر خم دیں شکل نمبر 113 سپینر بناتے وقت اُن کے منہ کا اندرونی سائز اور موٹائی (خاص صورت کے علاوہ) اس تخمینے سے معلوم کریں، جو کہ صرف لوہار کے لئے ہے کے نٹ تک کافی ہے۔

(بولٹ کا ڈائیمٹر × ۱½) + $\frac{1}{64}$ = چابی کے منہ کا سائز

بولٹ کا ڈائیمنز × $\frac{7}{8}$ = چابی کے منہ کی موٹائی

شش پہلو نٹوں کا جدول

بولٹ کا ڈائیمٹر	چابی کے منہ کی چوڑائی	منہ کی موٹائی	ڈائیمٹر	منہ کی چوڑائی	منہ کی موٹائی	ڈائیمٹر	منہ کی چوڑائی	منہ کی موٹائی
$\frac{3}{16}$"	$\frac{7}{16}$"	$\frac{1}{8}$" + $\frac{1}{32}$"	$\frac{3}{4}$"	$\frac{1}{4}$" + $\frac{3}{64}$"	$\frac{5}{8}$" + $\frac{1}{32}$"	$\frac{3}{8}$"	$2\frac{3}{16}$" + $\frac{1}{32}$"	$1\frac{3}{16}$ + $\frac{1}{64}$
$\frac{1}{4}$"	$\frac{1}{2}$" + $\frac{1}{64}$"	$\frac{3}{16}$ + $\frac{1}{32}$"	$\frac{7}{8}$"	$\frac{7}{16}$ + $\frac{3}{64}$"	$\frac{3}{4}$ + $\frac{1}{64}$"	$\frac{1}{2}$"	$2\frac{3}{8}$ + $\frac{1}{32}$"	$1\frac{5}{16}$
$\frac{5}{8}$"	$\frac{11}{16}$ + $\frac{1}{64}$"	$\frac{5}{16}$ + $\frac{1}{4}$"	1"	$\frac{5}{8}$" + $\frac{3}{64}$"	$\frac{7}{8}$"	$1\frac{1}{4}$"	2 $\frac{3}{4}$"	$1\frac{1}{12}$ + $\frac{1}{32}$"
$\frac{1}{2}$"	$\frac{7}{8}$ + $\frac{1}{32}$"	$\frac{7}{16}$"	$1\frac{1}{8}$"	$\frac{13}{32}$ + $\frac{3}{64}$"	1"	$1\frac{3}{8}$"	$3\frac{1}{8}$" + $\frac{1}{32}$"	$1\frac{3}{4}$"
$\frac{5}{8}$"	1" + $\frac{3}{32}$"	$\frac{1}{2}$" + $\frac{3}{64}$"	$1\frac{1}{4}$"	2 + $\frac{3}{64}$"	$1\frac{1}{16}$" + $\frac{1}{32}$"	2"	$4\frac{5}{8}$"	$2\frac{5}{8}$

بولٹ چابی، SPANNER، بنانے کیلئے مناسب سائز کی پٹی شکل نمبر 114 کو ہر

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر ۱۱۰



شکل نمبر ۱۱۱



شکل نمبر ۱۱۲



شکل نمبر ۱۱۳



شکل نمبر ۱۱۴

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہر دو طرف ڈنگا ٹھپہ یا سریئے لگائیں۔ دیکھو شکل نمبر 15 پھر دونوں طرف مطلوبہ سائز کے برابر سوراخ کر کے چھینی سے زائد لوہا نکال دیں۔ اور شکل نمبر 16 کی طرح تیار کر لیں۔

نٹ چابی (SPANNER) بنانے کے واسطے لوہے کو نٹ کی موٹائی کے مطابق موٹا اور اسی نسبت سے چوڑا کر کے گول سریئے لگائیں۔ دیکھو شکل نمبر 17 پھر ہینڈل والے حصہ کو بڑھا کر منہ بنانے کیلئے سوراخ کریں۔ بجائے سوراخ کرنے کے اگر آرہ سے چیر کر درمیانی زائد لوہے کو نکالا جاوے۔ تو بھی طریقہ درست ہے۔ ایسی چابیوں کا منہ عموماً سیدھا رکھا جاتا ہے۔ لیکن ضرورت کے مطابق سابقہ چابیوں کی طرح ان کا منہ بھی 45 ڈگری کے زاویہ پر بنایا جاتا ہے۔ اس زاویہ کا تخمینہ کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے:۔



والو چابی (VALVE KEY) اس کو بکس چابی بھی کہا جاتا ہے۔ بنانے کے واسطے مناسب دوری تک گرم چھینی سے چیریں۔ دیکھو شکل نمبر 19 پھر چیری

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 115



شکل نمبر 116



شکل نمبر 117



شکل نمبر 118



شکل نمبر 119

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہوئی دُوری کو باہر کی طرف پہلے کسی موٹی چھینی پھر ڈنگا ٹھپہ اس کے بعد گول پنچ سے پھیلائیں شکل نمبر 120 و 121 اس کے بعد چورس پنچ سے اندرونی سائز پورا کر کے ہینڈل تیار کریں۔ دیکھو شکل نمبر 122

اس قسم کی چابی بنانے کا دوسرا طریقہ

چابی کے منہ کی اُونچائی کے برابر اور دو موٹائی کی پٹی کو درمیان میں سے بڑھا کر دونو سروں کو خم دیں۔ دیکھو شکل نمبر 123

پھر چورس پنچ یا چورس ٹکڑے پر درمیانی حصہ کو جھکائیں شکل نمبر 124

پس تاؤ لگا کر منہ تیار کر لیں اور ہینڈل کیلئے دوسرا ٹکڑا جوڑتے ہوئے مطلوبہ سائز پورا کریں۔

بکس چابی (BOX SPANNER) بنانے کے لئے مناسب سائز کی گول بار کو کاٹ کر گول سوراخ مطلوبہ گہرائی تک بنائیں۔ دیکھو شکل نمبر 125۔ اس صورت میں لوہے کا اتنا حصہ ہی گرم کرنا چاہیئے۔ جتنے میں سوراخ کرنا مقصود

نوٹ:۔ آج تک کسی اُردو کی کتاب میں اس مضمون پر اس کتاب سے بہتر طریقے اور آسان سادے عام فہم زبان میں ظاہر نہیں کئے گئے۔ لہٰذا یہ کتاب شائقین ہنر کیلئے بہت ہی مفید ہے اس لئے ضرورتمند احباب اس کتاب کو بہت جلد خریدیں اور دوسروں کو خریدنے کی ترغیب دیں کیونکہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہے، اور سوراخ کرتے وقت تھوڑا تھوڑا پتھر کا کچا کوئلہ ڈال لیا کریں۔ کیونکہ اس طرح پنچ آسانی سے باہر نکل آتا ہے، اور جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے پنچ فوراً پانی میں ٹھنڈا کرنا چاہیئے دیگر جو پنچ پورے پورے سائز کا فنش کرنے کے واسطے بنایا جائے۔ اس کو اوپر کی طرف تھوڑی گہرائی بنانی چاہیئے، کہ جب اس کو لوہے کے اندر لگانے کے بعد باہر نکالنا منظور ہو تو اس گہرائی میں چھینی یا ایٹ دار ٹھپہ رکھ کر چوٹ لگائی جائے، اس طرح پنچ فوراً لوہے سے باہر نکل آتا ہے۔ پس چورس یا شش پہلو پنچ بنا کر سوراخ کو صاف کریں۔ دیکھو شکل نمبر 126۔ بعد ازاں گول ٹھپہ میں رکھ کر سر کو نہ SIDE SET (شکل نمبر 127 سے ہر دو طرف مناسب دوری پر لوہا کو دبائیں شکل نمبر 128۔

پھر درمیانی حصہ بڑھا کر ٹھپہ سے گول کریں۔ اور بائیں طرف کا چھوڑا ہوا حصہ چپٹا کر کے سوراخ کریں اور چھینی سے چیریں دیکھو شکل نمبر 129۔

پس ہینڈل کی جڑ میں بل دے کر ایک طرف کا بازو گول کر لیں شکل نمبر 130 پھر اسی طرح دوسری طرف کا بازو گول کریں، اور سیدھا کر کے دونوں بازو ایک لائن میں کریں شکل نمبر 131۔

اینگلارن یا ٹی آئرن کو جب شکل نمبر 132 کی طرح جاگل دینا مقصود ہو تو ڈنگا ٹھپہ وغیرہ سے یہ عمل نہائی پر نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے پنجا حصہ (فلنج) خراب ہو جاتا ہے۔ پس ایسے نیم خم کیلئے ٹول شکل نمبر 133 تیار کرنا چاہیئے۔ جو کہ کوئی

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



شکل نمبر 126



شکل نمبر 127

شکل نمبر 128



شکل نمبر 129



شکل نمبر 130



شکل نمبر 131



شکل نمبر 132



شکل نمبر 133

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ٹی آئرن اور اینگلارن دونوں صورتوں میں کام آسکتا ہے، دو اینگلارن جوڑ کر ٹھپہ میں رکھے جاتے ہیں، اور مناسب موٹائی کا ایک اسپاتی ٹکڑا اوپر رکھ کر چوٹ لگانے سے ایسے خم بآسانی عمل میں آتے ہیں۔ دیکھو شکل نمبر ۱۳۴

کونی (KNEE) شکل نمبر ۱۳۵ اس صورت میں کونی کا باہر والا کونہ گول (SLOW BEND) ہی رکھنا مقصود ہو تو اسی سائز کی پٹی کو گنیا ٹھپہ شکل نمبر ۱۳۶ پر صحیح رکھئے اوپر ٹھپہ شکل نمبر ۱۳۷ رکھ کر چوٹ لگائیں اس کے بعد گنیا سے صحیح زاویہ اور صحیح لائن میں دیکھنا ضروری ہے۔

کاریگر کو اپنے اوزار صاف اور قرینے سے رکھنے چاہئیں۔ تاکہ جس وقت کسی اوزار کی ضرورت ہو فوراً مل سکے۔ اس طرح وقت ضائع نہیں ہوتا اور اوزار بھی خُرد بُرد ہونے سے بچتے ہیں۔

کونی (KNEE) جس صورت میں کونی کا بیرونی کونہ تیز (SHARP BEND) بنانا درکار ہو، تو مطلوبہ سائز سے دُگنے موٹے لوہے کو دو جگہ گول سریا اس طرح لگائیں کہ درمیان میں ½" کا فاصلہ رہے۔ دیکھو شکل نمبر ۱۳۸ پھر دونوں بازو بڑھا کر سائز پورا کریں شکل نمبر ۱۳۹۔ اس کے بعد ٹھپہ شکل نمبر ۱۴۰ میں ایک دو چوٹ لگا کر گولائی پوری کریں۔

پس سابقہ کونیوں کی طرح گنیا ٹھپہ میں اس طرح رکھیں کہ لوہے کا موٹا پن پٹھے کے عین درمیان ہو۔ اور اوپر والا ٹھپہ بھی سیدھا رکھا جانا چاہیئے۔ دیکھو ۱۴۱

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بعدہ چوٹ لگانے کے بعد کونی کی ساخت دیکھو شکل نمبر 142

ڈبل کونی (DOUBLE KNEE) بنانے کے واسطے لوہے کو اپنی کونی کے حساب سے چار جگہ گول سرے لگائیں شکل نمبر 143 پھر ہر سہ حصہ کو بڑھا کر سائز پورا کریں شکل نمبر 144 پس سابقہ کونی کی طرح گنیا ٹھیہ میں جھکائیں۔ شکل نمبر 145 اور تھوڑا خم کونی کو دیں۔ پھر دوسری طرف سے کونہ جھکائیں شکل نمبر 146 اور احتیاط رکھیں کہ چوٹ لگاتے وقت سنی والا ہاتھ بالکل سیدھا رہے،

مذکورہ عمل کے بعد درمیانی حصہ سیدھا کریں۔ اور کونی کو گنیا سے ہر طرف ایک لائن میں بنائیں۔

کونی (KNEE) جس صورت میں پورے سائز کی تیز کونی بنانی درکار ہو۔ تو پٹی کو کونے والی جگہ کو بھر کر یعنی موٹا کر کے پہلے طریقہ پر تیز کونہ تیار کریں۔ لیکن جب اسی قسم کی کونی ٹکڑا لگا کر بنانی مقصود ہو۔ تو حسب ذیل طریقہ پر عمل کریں۔ پٹی کو مطلوبہ جگہ پر خم دیکر کونہ کو چھینی سے اس طرح چیریں کہ سہ کونہ ٹکڑا اس میں صحیح فٹ ہو سکے، دیکھو شکل نمبر 148 پھر لوہے کی چوڑائی کے مطابق سہ کونہ ٹکڑا شکل نمبر 149 تیار کر کے چیرے ہوئے کونہ میں اچھی طرح جمالیں دیکھو شکل نمبر 150 پس دکان کو منور وغیرہ سے صاف کر کے تاؤ لگالیں، دیکھو شکل نمبر 151 کونی کا سائز اگر 2 چوڑائی سے زیادہ ہو۔ تو ہر دو طرف یکے بعد دیگرے تاؤ کو پکانا چاہیئے۔

اینگلارن کی کونی (ANGLE IRON KNEE) اس قسم کی کونیاں

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کیلئے موجودہ اینگلارن کی چوڑائی میں سے اس کی موٹائی تفریق کر کے حاصل تفریق کو دو پر ضرب دیں پھر مطلوبہ کونہ کے سنٹر سے دونوں طرف یکساں حاصل ضرب کی دوری پر کاٹکر جھکائیں پس کونہ برابر گنیا میں ہوگا۔

مثال - 2" × 2" × ¼" کا کونہ بنانے کے لئے (2" - ¼") × 2 = 3½" شکل نمبر 152

تاؤ لگانے کیلئے دیکھو شکل نمبر 153

کنڈار EYE BOLT) چھوٹے چھوٹے آئی بولٹ بنانے کیلئے مناسب سائز کے ٹھپہ میں لگائیں شکل نمبر 154 پھر گرم پنچ سے سوراخ کر کے دوسری طرف سے کاٹ کر گول کر لیں اور سکرو کا ماپ پورا کریں شکل نمبر 153

بڑے بڑے آئی بولٹ بنانے کے واسطے کالر کے برابر موٹائی کا گول لوہا لیکر گول سریا یا ڈنگا ٹھپہ لگائیں اور کالر کی چوڑائی چھوڑ کر گرم چھینی یا سہ کونہ ٹھپہ استعمال کریں بس کالر کی گولائی سے کنڈے کی موٹائی چھوڑ کر ایک سوراخ کر کے چھینی سے چیر لیں شکل نمبر 136

اس عمل کے بعد سوراخ تک لوہا کھول کر دونوں بازو گول کریں شکل نمبر 157

پس گول شدہ بازو جھکا کر تاؤ لگانے سے آئی بولٹ تیار ہے شکل نمبر 158

جب تاؤ لگانا مناسب نہ سمجھا جائے تو بجائے ایک سوراخ کے دو سوراخ کر کے درمیانی حصہ چیر لیں شکل نمبر 159 اور پنچ وغیرہ سے کھولیں شکل نمبر 160-

پس کھولے ہوئے کنڈے کو گول کرنے سے شکل نمبر 161 نتیجہ ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

نوٹ: ہر سہ طریقہ سے آئی بولٹ تیار ہو سکتا ہے۔ مگر طریقہ اختیار کرنا آئی بولٹ کے سائز پر منحصر ہے۔

دستگی (HANDLE) بنانے کیلئے چورس لوہے کا جتنا حصّہ پیر کے لئے ضروری ہے۔ چھوڑ کر تین طرف سہ کونہ لگائیں اور مطلوبہ موٹائی درمیان میں رکھتے ہوئے دوسری طرف گول سرا اس طرح لگائیں کہ شکل نمبر 162 بن جائے۔ اس عمل کے بعد بڑا حصہ بڑھا کر گول کریں۔ اور چھوٹے حصّہ کو چپٹا کر کے سائز پورا دیکھیں شکل نمبر 163 پھر پٹھہ شکل نمبر 164 میں لگا کر خم دینے والا پٹھہ شکل نمبر 165 میں جھکائیں اس کے بعد لمبائی کے حساب سے جوڑ لگانے کے واسطے چپکا دار تاؤ لگائیں۔ دیکھو شکل نمبر 166۔ پس لمبائی پوری کرنے کے بعد کسی پلیٹ پر رکھتے ہوئے دونوں پیر سیدھے دیکھ لیں +

دوشاخہ (FORKED ENDS) یا چمٹہ بنانے کے واسطے چورس لوہا کی بار کو درمیان میں مناسب لمبائی کا لوہار رکھتے ہوئے ہر دو طرف سہ کونہ لگائیں دیکھو شکل نمبر 167 پھر ہر دو طرف سوراخ کرتے ہوئے گرم چھینی یا گرم آرہ سے چیر کر جبڑے بنائیں دیکھو شکل نمبر 168 اس عمل کے بعد ایک گولائی دار گٹکا شکل نمبر 169 جبڑوں میں رکھتے ہوئے سائز پورا کریں شکل نمبر 170 پس پلیٹ پر رکھ کر لائن سیدھی کریں۔

. . . . . (END STAY ROD) بنانے کے لئے چورس بار کو مناسب دوری پر نیم گول پٹھہ (RADIOUS FULLER)

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.


شکل نمبر 162


شکل نمبر 163


شکل نمبر 164


شکل نمبر 165

شکل نمبر 166


شکل نمبر 167


شکل نمبر 168

شکل نمبر 169


شکل نمبر 170

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

شکل نمبر 171 لگا کر ہر دو طرف گول سرپا لگائیں، دیکھو شکل نمبر 172 پھر سہ کونہ اس گہرائی تک لگائیں اور درمیان میں مطلوبہ راڈ کی موٹائی سے قدرے زیادہ ہو۔ دیکھو شکل نمبر 173

اس کے بعد راڈ کو بڑھا کر گول کر لیں شکل نمبر 174 اور باقی ماندہ لوہا کو علیحدہ کر دیں۔ اور گول ٹھپہ شکل نمبر 175 میں اپنے لوہے کو رکھتے ہوئے نہائی پر سرے گول کریں۔ شکل نمبر 176 بس پورا ماپ دیکھتے ہوئے دوسرے لوہے کا انتظام کریں، پاور ہیمر کے گول ٹھپے یا کسی کالر وغیرہ کے ٹھپے بنانے کا صحیح طریقہ یہ ہے۔ دیکھو شکل نمبر 177

اگر ایسے ٹھپہ جات بغیر ہینڈل کے بنانے درکار ہوں تو ہر دو طرف ایک ایک پن لگانی بہتر ہے۔ کیونکہ بغیر پن کے ایسے ٹھپے اکثر پھسل کر چوٹ لگنے کا باعث ہوتے ہیں۔ ٹھپہ جات یا چھوٹے لوہے جب ہیمر کی نہائی پر رکھنے یا اٹھانے مقصود ہوں تو سنی استعمال کریں۔ ہاتھ سے رکھتے ہوئے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

چمٹہ (FORKED END) بنانے کے واسطے چورس لوہے کے ٹکڑے کو ہر چہار طرف سہ کونہ لگائیں شکل نمبر 178 پھر اس حصہ کو جو راڈ کیلئے رکھا گیا ہے، بڑھا کر گول کر لیں۔ دیکھو شکل نمبر 179 اس کے بعد ایک سوراخ دار بلاک میں میں رکھتے ہوئے گول سرپا لگائیں شکل نمبر 180 پھر دونوں لڑوں کو یکے بعد دیگرے بڑھائیں دیکھو عمل شکل نمبر 181

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پس مناسب سائز کے گول ٹھپہ میں رکھتے ہوئے چمٹے کی اندرونی اور بیرونی گولائی ٹھپہ شکل نمبر 184 سے صحیح کریں، دیکھو شکل نمبر 185۔ اس کے بعد گول کٹر شکل نمبر 186 سے دونوں سرے گول کاٹ کر گنیا اور صحیح سائز پورا کریں۔ دیکھو شکل 187 ایسے چمٹے اگر آرہ سے چیر کر بنانے درکار ہوں، یا موٹا لوہا موجود نہ ہو، تو اس صورت میں دونوں جبڑوں کی موٹائی اور آرہ کی نکاس کے برابر لوہا موٹا لیکر سابقہ طریقہ یعنی شکل نمبر 180 کی طرح تیار کریں۔ لیکن عمل از شکل نمبر 183 تا شکل نمبر 187 اسی طرح عمل درآمد ہوگا۔

نوٹ:۔ فالتو میٹریل کاٹتے وقت مگر چوٹ لگانے سے پیشتر کٹر کی اندرونی دھار مانڈرل کے بیرونی سرے کے برابر صحیح دیکھ لیں۔

